# مسیح کی مانند بہتر معلم بننا—
# ایک ذاتی جائزہ

بطورِ معلمین، ہمیں باقاعدگی سے اپنی مضبُوطیوں اور کمزوریوں کا جائزہ لینا چاہیئے تاکہ ہم سیکھنے والوں کو یسُوع مسیح پر ایمان کی تعمیر کرنے اور اُس کی مانند بننے میں مدد دے سکیں۔ مندرجہ ذیل سرگرمی آپ کو مسیح جیسی تدریس کے اصولوں کا اطلاق کرنے میں مدد کر سکتی ہے۔ غور کریں کہ درج ذیل بیانات میں سے ہر ایک آپ کو بطور معلم کتنی اِچھی طرح بیان کرتا ہے۔ ہر بیان کے لیے مناسب ترین جواب کا انتخاب کریں: (۱) شاذونادر ہی، (۲) کبھی کبھار، (۳) اکثر، (۴) تقریباً ہمیشہ۔

پھر، رُوح کی ہدایت کے مطابق، دُعاگو ہو کر چند چیزیں منتخب کریں جنھیں آپ بہتر کرنا چاہیں گے۔ کچھ اہداف مقرر کریں، اور بہتر بنانے میں مدد کے لیے اِس وسیلے کا استعمال کریں۔

## یسُوع مسیح پر توجّہ مرکُوز کریں

___ مَیں یسُوع مسیح کے بارے میں سکھاتا ہوں چاہے مَیں کچھ بھی سکھا رہا ہوں۔

___ مَیں یسُوع مسیح کے نمونہ پر زور دیتا ہوں۔

___ مَیں سیکھنے والوں کو اُن کی زندگیوں میں خُداوند کی محبّت، قُدرت اور رحم کو پہچاننے میں مدد کرتا ہوں۔

___ مَیں سیکھنے والوں کو آسمانی باپ اور یسُوع مسیح کے ساتھ اپنے تعلقات کو مضبوط بنانے میں مدد کرتا ہوں۔

___ مَیں دانستہ طور پر سیکھنے والوں کی مزید یسُوع مسیح کی مانند بننے کی کوشش کرنے میں مدد کرتا ہوں۔

## اُن سے محبّت رکھیں جنھیں آپ تعلیم دیتے ہیں

___ مَیں سیکھنے والوں کو اُس طرح دیکھنے کی کوشش کرتا ہوں جس طرح خُدا اُنھیں دیکھتا ہے۔

___ مَیں اُنھیں جاننے کی کوشش کرتا ہوں جن کو مَیں سکھاتا ہوں۔تاکہ ان کے حالات، ضروریات اور مضبُوطیوں کو سمجھ سکوں۔

___ مَیں سیکھنے والے کے لئے نام لے کر دُعا کرتا ہوں۔

___ مَیں ایک محفوظ ماحول پیدا کرتا ہوں جہاں سب کا احترام کیا جاتا ہے اور جانتا ہوں کہ ان کی شراکت کی قدر کی جاتی ہے۔

___ مَیں اپنی محبّت کا اظہار کرنے کے مناسب طریقے تلاش کرتا ہوں۔

## رُوح سے سِکھائیں۔

___ مَیں خُود کو رُوحانی طور پر سکھانے کے لئے تیار کرتا ہوں۔

___ مَیں سیکھنے والوں کی ضروریات کے بارے میں رُوحانی ترغیبات کا جواب دیتا ہوں۔

___ مَیں سیکھنے والوں کے لئے رُوحُ القُدس کے ذریعہ سکھائے جانے کے لیے ماحول اور مواقع پیدا کرتا ہوں۔

___ مَیں سیکھنے والوں کو ذاتی مُکاشفہ پانے، پہچاننے اور اِس پر عمل کرنے میں مدد کرتا ہوں۔

___ مَیں اکثر گواہی دیتا ہوں، اور مَیں سیکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اپنے جذبات، تجربات اور گواہیوں کا اِشتراک کریں۔

## عقیدہ سِکھائیں

___ مَیں اپنے لیے یسُوع مسیح کا عقیدہ سیکھتا ہوں۔

___ مَیں صحائف اور ایّامِ آخر کے اَنبیا کے کلام سے سِکھاتا ہوں۔

___ مَیں سیکھنے والوں کو صحائف میں سچائیوں کو پانے، پہچاننے اور سمجھنے میں مدد کرتا ہوں۔

___ مَیں اُن سچائیوں پر توجّہ مرکُوز کرتا ہوں جو تبدیلی کی طرف لے جاتی اور یسُوع مسیح پر ایمان کی تعمیر کرتی ہیں۔

___ مَیں سیکھنے والوں کو یسُوع مسیح کے عقیدے میں ذاتی مناسبت تلاش کرنے میں مدد کرتا ہوں۔

## جانفشانی سے سیکھنے کی دعوت دیں

___ مَیں سیکھنے والوں کو اُن کے سیکھنے کی ذمّہ داری لینے میں مدد کرتا ہوں۔

___ مَیں سیکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ روزانہ اِنجیل کا مطالعہ کر کے نجات دہندہ کو جانیں۔

___ مَیں سیکھنے والوں کو سیکھنے کی تیاری کرنے کی دعوت دیتا ہوں۔

___ مَیں سیکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اُن سچائیوں کا اِشتراک کریں جو وہ سیکھ رہے ہیں۔

___ مَیں سیکھنے والوں کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ جو سیکھ رہے ہیں اُس پر عمل پیرا ہیں۔